مارچ، 2020

عزیز CPS والدین، خاندان، اور عملہ:

چونکہ میئر لوری ای لائیٹفٹ (Lori E. Lightfoot) نے آج رات اعلان کیا کہ، شکاگو پبلک اسکولز منگل، 21 اپریل، 2020 تک بند رہیں گے. جبکہ ہم جلد از جلد اسکولوں کو دوبارہ کھولنا چاہتے ہیں، یہ ایک انتہائی سنجیدہ مرحلہ ہے اور ہم اپنے شہر کی صحت و تندرستی کو ترجیح دینے کے میئر کے اس فیصلے کی تائید کرتے ہیں. جیسے جیسے صورتحال میں پیشرفت ہوتی ہے، ہم خاندانوں کو باقاعدگی سے تازہ ترین معلومات مسلسل فراہم کرتے رہیں گے.

ہم اپنی اسکول کی کمیونٹی کے ہر رکن پر بندشوں کے نمایاں اثر کو پہچانتے ہیں، اور ہم آنے والے دنوں میں اپنے طلباء اور خاندانوں کی معاونت کے لئے ہر ممکنہ کوشش کرنے کے لئے پرعزم رہیں گے. بندش کے آغاز سے، ہم نے اپنے ضرورت مند اہل خانہ کو کھانے کے 90،000 سے زیادہ پیکیج فراہم کیے ہیں، اور ہم ایک گھرانے میں ہر بچے کے لئے تین دن کے کھانے کی مقدار پر مشتمل کھانے کے مفت پیکیجز کی متواتر پیشکش کرتے رہیں گے. حیرت انگیز وقف شدہ عملے کا شکریہ جو ہمارے اسکولوں میں اس کوشش میں معاونت کر رہے ہیں، کھانا ہفتے کے کام کے دونوں میں صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے کے درمیان لیا جاسکتا ہے. فوڈ سروس کے زبردست کارکنوں کے علاوہ، ہمارے پرنسپلز، اسسٹنٹ پرنسپلز، اور نیٹ ورک عملہ کا معاونت کے لئے شکریہ.

بندش کی توسیعی مدت کی وجہ سے، ڈسٹرکٹ کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اسکول کے کیلنڈر اور سالانہ طالب علم اور اسکول کی تشخیص کی ٹائم لائنز اور طریقہ کار سے متعلق اہم ایونٹس کا دوبارہ جائزہ لیں. آج کے فیصلے کے نتیجے میں، ڈسٹرکٹ الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) سے ڈسٹرکٹ کی اسکول کوالٹی ریٹنگ پالیسی (SQRP) پر ایک سال کی چھوٹ طلب کرے گی اور شکاگو بورڈ آف ایجوکیشن کو سفارش کرے گی کہ ہم موجودہ SQRP درجہ بندی کو برقرار رکھیں گے اور انہیں اگلے تعلیمی سال میں منتقل کر دیں گے. ہم جس انوکھی صورتحال میں ہیں اس کے پیش نظر، SQRP درجہ بندیوں کو برقرار رکھنا بہترین دستیاب اور ہمارے اسکول کی کمیونٹیز کے لئے سب سے زیادہ منصفانہ انتخاب ہے.

SQRP درجہ بندیوں کو برقرار رکھنے کی سفارش کے علاوہ، ڈسٹرکٹ توسیعی بندش کی مدت کی بنیاد پر اپنے تشخیص کے شیڈول پر نظر ثانی کر رہی ہے. جبکہ ڈسٹرکٹ میئر کے فیصلے کے طویل مدتی مضمرات پر کام جاری رکھے ہوئے ہے، ہم اختتام سال کی تشخیصوں کو منسوخ کر رہے ہیں بشمول:

- **NWEA**
- **STAR تشخیص**
- **REACH کارکردگی کے ٹاسکس**

ہم ISBE، شکاگو سٹی کالجز، کالج بورڈ، اور ہمارے دیگر شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ یہ سمجھ سکیں کہ یہ بندش دیگر تشخیصوں جیسے الینوائے تیاری کی تشخیص، PSAT/SAT، دوہرے کریڈٹ/دوہرے اندراج کے کورسز، اور ایڈوانسڈ تعیناتی اور انٹرنیشنل بیکالوریٹ امتحانات اور ساتھ ساتھ فارغ التحصیلی کے تقاضے اور گریڈ کو فروغ دینے پر کس طرح اثر انداز ہوگی. جبکہ تشخیص کیلنڈر میں تبدیلیاں ممکنہ طور پر ضروری ہوں گی، لیکن ہم یہ یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہیں کہ طلباء کالج میں انٹری، انتخابی اندراج داخلہ، فارغ التحصیلی، اور گریڈ کے فروغ سے جڑی اہم تشخیصوں تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں.

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ یہ ان تمام تعلیمی مواقعوں کی ایک جامع فہرست نہیں ہے اور پالیسیاں اس بندش سے متاثر ہوئی ہیں، اور جیسے ہی ریاست اور وفاقی حکومت کی طرف سے کوئی فیصلے کیے جاتے ہیں، تو ہم آپ کو بروقت انداز میں تازہ ترین معلومات فراہم کرتے رہیں گے.

کلاس جاری نہ رہنے کے دوران میں طلباء اور اہل خانہ کی معاونت میں مدد کے لئے، ڈسٹرکٹ نے افزودگی کے وسائل اور cps.edu/coronavirus پر مواد شائع کیا اور بندش کے آغاز سے قبل طلباء کو ان مواد کی پرنٹ کردہ کاغذی نقول فراہم کیں۔ معلمین اور والدین ان ذرائع تک cps.edu/coronavirus پر رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور ان مواد سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں جیسے وہ بچوں کو موسم بہار کے وقفے میں مصروف رکھنے کے لئے مناسب سمجھتے ہیں۔ آئندہ دنوں میں، ہم اضافی وسائل اور رہنمائی فراہم کریں گے۔

وہ مشکل حالات جن کا ہم آگے سامنے کریں گے وہ انوکھے ضرور ہیں لیکن ناقابل تسخیر نہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے اسکول کی عام پالیسیوں اور طریقہ کاروں کے بارے میں بہت سارے اہم سوالات باقی ہیں، اور ہم جلد از جلد تازہ ترین معلومات اور رہنمائی فراہم کریں گے۔ ہم اس غیر یقینی صورتحال پر بطور ایک ڈسٹرکٹ، ایک خاندان ایک ساتھ مل کر قابو پائیں گے۔

پرخلوص،

| | |
|---|---|
| Janice K. Jackson, EdD<br>Chief Executive Officer<br>Chicago Public Schools | LaTanya D. McDade<br>Chief Education Officer<br>Chicago Public Schools |